شرح

# القصائد المنتخبه

مؤلف ومرتب: محمدابوبکرعطاری

Scanned with CamScanner

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وعلی آلک واصحابک یا حبیب اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

# وما توفیقی الا باللہ



# فہرست دیوان وقصائد


| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | دیوان حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ | 9 | 4 | دیوان الحماسہ | 14 |
| 2 | دیوان امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ | 11 | 5 | دیوان المتنبی | 14 |
| 3 | قصائد شعراء الجاھلیۃ | 12 | | | |


یہ قرطاس 3 فصول پر مشتمل ہیں..

پہلی فصل : مفردات کے بارے میں

دوسری فصل : اشعار کے ترجمے کے بارے میں

تیسری فصل : واحد جمع کے بارے میں

تاریک ظلمت شب سے تو کہیں بہتر تھا..

اپنے حصے کی بھی اک شمع جلائے جاتے؛


استاد محترم : مولانا سجاد داد مدنی صاحب

مؤلف ومرتب : محمد ابوبکر عطاری

03258128140


Scanned with CamScanner

| N | الفاظ | معانی | P | N | الفاظ | معانی | P |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1 | اغر | روشن چہرے والے | 16 | 29 | یبد | وہ ظاہر ہوتی | 20 |
| 2 | یلوح | ظاہر ہوتی ہے | = | 30 | الدجی | اندھیری رات | = |
| 3 | لیجله | عزت بڑھانے کے لیے | = | 31 | المتوقد | جوروشن کردیتی | = |
| 4 | فترة | زمانہ فترت | = | 32 | نکال | سزا | = |
| 5 | سراجا | چراغ | 17 | 33 | ماجنی | جوگناہ کربیٹھا | = |
| 6 | مستنیرا | روشن کرنے والے | = | 34 | نال | پایا | 21 |
| 7 | الصیقل | تلوار | = | 35 | لزهید | ضرور وہ محروم ہے | = |
| 8 | المهند | ہندی | = | 36 | لانجعل | ہم فدا نہیں کریں گے | = |
| 9 | ماعمرت | جب تک میں زندہ رہوں گا | = | 37 | یصطنع | کرے گا | = |
| 10 | اعلی | بلندوبالا | = | 38 | فتیان | نوجوان | = |
| 11 | أمجد | بزرگی والا | = | 39 | کاللیوث | شیروں کی طرح | = |
| 12 | یجاوب | اسکے جواب میں | 18 | 40 | مساعر | نار جنگ کو بھڑکانے والے | = |
| 13 | الهاتف | غیبی آواز | = | 41 | یوم الهیاج | جنگ کے دن | = |
| 14 | خاب | نقصان اٹھایا | = | 42 | یعرد | وہ فرار ہوجاتا ہے | = |
| 15 | غاب | چھوڑ گئے | = | 43 | صفیر | سیٹی بجانے والے | = |
| 16 | قدس | پاک کیئے گئے | = | 44 | المرعد | جوخوف زدہ ہو | = |
| 17 | یسری | وہ رات کو چلے | = | 45 | مقصرا | کوتاہی کرتے ہوئے | 22 |
| 18 | یغتدی | وہ صبح کو پہنچے | = | 46 | المحتد | اصل | = |
| 19 | ترحل | کوچ کیا | = | 47 | المشتهی | جوخواہش کرے | = |
| 20 | صلت | گمراہ ہوگئیں | = | 48 | قول السداد | سیدھی بات | = |
| 21 | مجدد | نئے | = | 49 | اناخوا | پڑاؤ ڈالا | = |
| 22 | تسفهوا | حق سے انحراف کیا | 19 | 50 | شدوا | باندھا | = |
| 23 | رکاب | سواری | = | 51 | بلی الحزم | رسیوں کو موڑنے کے ساتھ | = |
| 24 | حلت | ٹھہری | = | 52 | ماراعهم | انہیں خوفزدہ نہیں کیا | = |
| 25 | بأسعد | سعادتوں کے ساتھ | = | 53 | معج الخیول | تیز دوڑنے والے گھوڑے | = |
| 26 | مسجد | مجلس | = | 54 | الزحف | لشکر جرار | = |
| 27 | مقالة غیب | پوشیدہ باتیں | = | 55 | دهم | اچانک | = |
| 28 | ضحی الغد | اگلے دن | = | 56 | فطاروا | پس انہوں نے حملہ کیا | = |

## الفصل الاول



Scanned with CamScanner

| P | معانی | الفاظ | N | P | معانی | الفاظ | N |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| = | جو آپ پوشیدہ رکھتے | كنت أخفيته | 82 | = | دونوں کناروں پر | بجنبي | 57 |
| = | آپ نہ چھپائیں | لاتكتتم (1) | 83 | = | زینیں | السروج | 58 |
| 25 | ڈھال | جنة | 84 | = | منتشر ہو کر | سلالا | 59 |
| = | ہم آپ کو بچائیں گے | نقيك | 85 | = | ان پر خوف طاری تھا | أفزعوا | 60 |
| = | آپ شرم نہ کریں | لا تحتشم | 86 | = | بے سینگ | الأجم | 61 |
| = | سرکش | الغواة | 87 | 23 | طویل گھوڑا | سلهبة | 62 |
| = | پیروکار | اشياع | 88 | = | آرام نہیں کرتا | لاتستكين | 63 |
| = | انکو شہید کر دیا جائے گا | يحترم | 89 | = | تھکاوٹ | السأم | 64 |
| = | پس ہم کھڑے ہوئے | فقمنا | 90 | = | سرخ و سیاہ رنگ کا گھوڑا | كميت | 65 |
| = | اپنی تلواروں کے ساتھ | بأسيافنا | 91 | = | تیز دل والا | مطار الفؤاد | 66 |
| = | ہم دور کریں گے | نجالد | 92 | = | محفوظ جوڑ | أمين الفصوص | 67 |
| 26 | گالی | مسبة | 93 | = | بے پر تیر | زلم | 68 |
| = | میری عزت | عرضي | 94 | = | شہسوار | فوارس | 69 |
| = | نہ دینے والا | عادم | 95 | = | وہ عادی ہیں | عاودوا | 70 |
| = | جس نے خوف کیا | من راقب | 96 | = | وہ پیچھے نہیں ہٹتے بزدلی کی وجہ سے | لاينكلون | 71 |
| = | کشادگی | الفرجا | 97 | = | آگے بڑھنے والے | قدم | 72 |
| 27 | جھگڑا کیا گیا آپ سے | خوصمت | 98 | = | ہم لوٹتے ہیں | فأبنا | 73 |
| = | چابی | مفتاح | 99 | = | غلبہ پاتے ہوئے | قسرا | 74 |
| = | عزت ہے | شرف | 100 | = | تقسیم کیا جاتا ہے | تقتسم | 75 |
| = | عزت کی حفاظت کے لیے | لصون العرض | 101 | = | ہم وارث ہوئے | ورثنا | 76 |
| = | مصلحت | اصلاح | 102 | = | ہم زائل نہیں ہونگے | لم نرم | 77 |
| = | میری عمر کی قسم | لعمري | 103 | 24 | سلطنت عظیم کا بادشاہ | المليك | 78 |
| = | بھونکنے والا ہوتا ہے | نباح | 104 | = | ہم نے انکی نافرمانی نہ کی | لم نعصه | 79 |
| 27 | جیسے وہ حفاظت کرتا ہے | كمايصون | 105 | = | صبح | غداة | 80 |
| = | جس نے احاطہ کیا | من حوى | 106 | = | آئیں | هلم | 81 |

(1) بتثليث التاء





Scanned with CamScanner

| N | الفاظ | معانی | P | N | الفاظ | معانی | P |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 107 | ثم أودعه | پھراس نے رکھا | = | 132 | سمرات الحی | قوم حی کا ببول درخت | = |
| 108 | فطنا | ذھین | = | 133 | ناقف | توڑنے والا | = |
| 109 | الفتنا | فتنوں | = | 134 | حنظل | اندرائن | = |
| 110 | لجة | گہرا سمندر | 29 | 135 | صحبي | میرے ساتھی | 32 |
| 111 | سفنا | کشتیاں | = | 136 | مطيهم | اپنی سواریاں | = |
| 112 | لايلدغنك | ہرگز وہ نہ ڈسے تمہیں | = | 137 | أسى | غم | = |
| 113 | ثعبان | اژدھا | = | 138 | تجمل | توصبر کر | = |
| 114 | المقابر | بہادر | = | 139 | بدارة جلجل | پہاڑ کے درمیان وسیع جگہ | = |
| 115 | تهاب | ڈرے | = | 140 | مهلا | تم چھوڑدو | = |
| 116 | الأقران | مدمقابل | = | 141 | هذا التدلل | یہ نازونخرے | = |
| 117 | تعزز | عزت کا سبب سمجھا | = | 142 | أزمعت | پختہ ارادہ | = |
| 118 | المبني | مکان | = | 143 | صرمي | مجھے چھوڑنے کا | = |
| 119 | الباني | مکین | = | 144 | فأجملي | تو اچھی طرح کر | = |
| 120 | كنوز | خزانے | = | 145 | غرك | تمہیں دھوکے میں نہ ڈالے | 33 |
| 121 | من ذهب | سونے میں سے | = | 146 | ما ذرفت | نہیں بہیں تیری آنکھیں | = |
| 122 | دفاع مكروه | مصیبت دور کرنے کی | 30 | 147 | بسهميك | تیرے دو تیر | = |
| 123 | يبرئ (1) | وہ ٹھیک کرچکا | = | 148 | أعشار | ٹکڑے | = |
| 124 | جرحه | اسکے زخم کو | = | 149 | أرخى | اس نے چھوڑا | = |
| 125 | المداوي | دوائی دینے والا | = | 150 | سدوله | اپنے پردے | = |
| 126 | جلب الدواء | دوائی بنانے والا | = | 151 | الهموم | غم | = |
| 127 | قفا | تم دونوں ٹھہرو | 31 | 152 | ليبتلي | تاکہ تو آزمائے مجھے | = |
| 128 | نبك | ہم روئیں | = | 153 | انجلي | توروشن ہوجا | = |
| 129 | بسقط اللوى | ریت کے ٹیلے کا کنارہ | = | 154 | وكناتها | گھونسلے | = |
| 130 | غداة البين | جدائی کی صبح | = | 155 | منجرد | قلیل بالوں والا | = |
| 131 | تحملوا | وہ کوچ کر گئے | = | 156 | أمثل | افضل | = |

الفصل الاول

(1) بالكسرة الدال : اسم فاعل وغيره اى بالفتح الدال : اسم مفعول



Scanned with CamScanner

| N | الفاظ | معانی | P | N | الفاظ | معانی | P |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 157 | الأوابد | وحشی جانور | = | 182 | حوانیت | شراب خانے | = |
| 158 | هیکل | لمبا گھوڑا | = | 183 | تصطد | تو پکڑ لے گا | = |
| 159 | مکر | پلٹ پلٹ کر حملہ کرنے والا | = | 184 | تشرابی | میرا کثرت سے پینا | = |
| 160 | مفر | تیز بھاگنے والا | = | 185 | طریفی | میرا کمایا ہوا مال | = |
| 161 | مقبل | آگے بڑھنے والا | = | 186 | متلدی | وراثت میں ملا مال | = |
| 162 | مدبر | پیچھے ہٹنے والا | = | 187 | تحامتنی | مجھ سے کنارہ کشی اختیار کرلی | = |
| 163 | جلمود صخر | سخت چٹان | = | 188 | المعبد | خارش زدہ | = |
| 164 | حطه | اس نے گرا دیا | = | 189 | الوغی | جنگ | 37 |
| 165 | السیل | بہاؤ | = | 190 | انهل | میرا حاصل کرنا | = |
| 166 | عل | بلندی | = | 191 | مخلدی | مجھے ہمیشہ رکھنے والا ہے | = |
| 167 | اطلال | گھروں کے نشانات | 35 | 192 | أری | میں سمجھتا ہوں | = |
| 168 | برقة | پتھریلی زمین | = | 193 | العیش | زندگی | = |
| 169 | وشم | گودنا | = | 194 | كنزا | خزانے | = |
| 170 | تجلد | تو صبر سے کام لے | = | 195 | ينفد | وہ فنا ہو جاتا ہے | = |
| 171 | ألقت | ڈالی ہو | = | 196 | ستبدی | عنقریب ظاہر کر دیں گے | = |
| 172 | رداءها | اپنی چادر | = | 197 | لم تزود | تمہیں توقع نہی | = |
| 173 | نقی اللون | صاف رنگ | = | 198 | دمنة | گھروں کے نشانات | 38 |
| 174 | لم یتخدد | وہ داغدار نہیں | = | 199 | سحیل | ضعیف | 39 |
| 175 | خلت | میں نے خیال کیا | 36 | 200 | مبرم | قوی | = |
| 176 | عنیت | میں مراد لیا گیا ہوں | = | 201 | تفانوا | وہ ایک دوسرے کو فنا کر رہے تھے | = |
| 177 | لم اکسل | میں نے سستی نہ کی | = | 202 | دقوا | انہوں نے مل لیا | = |
| 178 | لم أتبلد | میں تردد میں نہ پڑا | = | 203 | عطر منشم | منشم نامی عورت کی عطر | = |
| 179 | حلقة القوم | قوم کی مجلس | = | 204 | المرجم | نا معلوم | = |
| 180 | تلقنی | تو مجھے پالے گا | = | 205 | المنایا | اموات | = |
| 181 | إن تقتنصنی | اگر تو پکڑنا چاہے | = | 206 | خبط | ڈیڑھا چلنے نے | = |



الفصل الاول

Scanned with CamScanner

| N | الفاظ | معانی | P | N | الفاظ | معانی | P |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 207 | عشواء | اندھی اونٹنی | = | 232 | صما | قوت سماعت نہ رکھنے والا | = |
| 208 | یعمر | وہ زندہ رہے گا | = | 233 | وصال | پورے کیئے | = |
| 209 | فیھرم | پس وہ بوڑھا ہوجائے | = | 234 | جذامها | اسکے توڑے ہوئے | = |
| 210 | ان یرق | اگرچہ وہ چڑھ جائے | 40 | 235 | معشر | قوم | 43 |
| 211 | بسلم | سیڑھی کے ساتھ | = | 236 | فاقنع | پس توراضی رہ | = |
| 212 | حلم | بردباری | = | 237 | هبی | تو مجھے پلا | 44 |
| 213 | الفتی | نوجوان | = | 238 | بصحنك | اپنے پیالے میں | = |
| 214 | عفت | مٹ گئے | 41 | 239 | صبنت | روک لیا | = |
| 215 | محلها | زیادہ دن رہنے کے | = | 240 | الكأس | شراب | = |
| 216 | مقامها | کم دن رہنے کے | = | 241 | مجراها | اسکی سمت | = |
| 217 | تأبد | وحشت زدہ | = | 242 | فلاتعجل | پس تو جلدی نہ کر | 45 |
| 218 | دمن | نشانات | = | 243 | أنظرنا | تو ہمیں مہلت دے | = |
| 219 | تجرم | مکمل ہوگئے | = | 244 | نورد | ہم اتارتے ہیں | = |
| 220 | حجج | کئی سال | = | 245 | الرايات | نیزے | = |
| 221 | خلون | گزرے گئے | = | 246 | نصدرهن | ہم نکالتے ہیں | = |
| 222 | فعلا | پس بلند ہوگئی | 42 | 247 | روينا | خون سے تر ہوتے ہیں | = |
| 223 | فروع الیهقان | لمبی گھاس | = | 248 | تهددنا | تو ہمیں ڈرا رہا ہے | = |
| 224 | أطفلت | انہوں نے بچے جنے | = | 249 | أوعدنا | تو ہمیں دھمکا رہا ہے | = |
| 225 | بالجلهتين | دونوں کناروں پر | = | 250 | رويدا | مہلت دے | = |
| 226 | ظباؤ | ہرنی | = | 251 | مقتوينا | ہم خادم ہیں | = |
| 227 | نعام | شتر مرغ | = | 252 | الفطام | دودھ چھڑانے کی مدت | = |
| 228 | جلا | ظاہر کردیا | = | 253 | تخر | جھک جاتے ہیں | = |
| 229 | الطيول | گھروں کے نشانات | = | 254 | غادر | چھوڑی | 47 |
| 230 | زبر | کتابیں | = | 255 | متردم | اصلاح | = |
| 231 | تجد | مٹادیا | = | 256 | اثنى | تو میری تعریف کر | = |

الفصل الاول



Scanned with CamScanner

| N | الفاظ | معانی | P |
|---|---|---|---|
| 257 | سمح | نرم ہوں | = |
| 258 | اذا صحوت | جب میں ہوش میں آتا ہوں | = |
| 259 | فما أقصر | پس میں کوتاہی نہیں کرتا | = |
| 260 | ندی | سخاوت | = |
| 261 | الخیل | گھڑسوار | = |
| 262 | الوقیعة | لڑائی | = |
| 263 | اغشی | میں چھا جاتا | = |
| 264 | الوغی | جنگوں میں | = |
| 265 | أعف | میں بچتا ہوں | = |
| 266 | أشطان | لمبی رسیاں | 49 |
| 267 | لبان | گردن | = |
| 268 | مازلت | میں مسلسل کرتا رہا | = |
| 269 | أرمیهم | ان پر تیر اندازی کرتا رہا | = |
| 270 | ثغرة | گھوڑے کا وہ حصہ جو سینے سے اوپر ہو | = |
| 271 | تسربل | اس نے قمیص پہن لی | = |
| 272 | فأزور | پس پیچھے ہٹا | = |
| 273 | وقع القنا | نیزوں کے واروں سے | = |
| 274 | بعبرة | آنسوؤں کے ساتھ | = |
| 275 | تحمحم | ہنہنانے کی درمیانی آواز | = |
| 276 | ما المحاورة | گفتگو کرنا کیا ہے | = |
| 277 | شفی | شفا دی | 50 |
| 278 | سقمها | اسکی بیماری کو | = |
| 279 | الفوارس | شہسوار | = |
| 280 | ویك | تیرے لیے خرابی ہو | = |
| 281 | أقدم | تو آگے بڑھ | = |

| N | الفاظ | معانی | P |
|---|---|---|---|
| 282 | آذنتنا | اس نے ہمیں خبر دی | 51 |
| 283 | رب ثاو | کتنے ہی مسافر | = |
| 284 | یمل | اکتا جاتی ہے | = |
| 285 | الثواء | اقامت | = |
| 286 | ثم ولت | پھر اس نے پیٹھ پھیر لی | = |
| 287 | لیت شعری | کاش مجھے علم ہوتا | = |
| 288 | اللقاء | ملاقات | = |
| 289 | خطب | امر عظیم | 56 |
| 290 | نعنی | ہم تھکائے گئے | = |
| 291 | نساء | تکلیف | = |
| 292 | یغلون | وہ حد سے بڑھے | = |
| 293 | قیلهم | اپنی گفتگو میں | = |
| 294 | اخفاء | مبالغہ | = |
| 295 | یخلطون | انہوں نے خلط ملط کر دیا | = |
| 296 | البریء | بے گناہ | = |
| 297 | الخلی | برائت والے کو | = |
| 298 | الخلاء | برائت | = |
| 299 | الناطق المرقش | بات بنا کر پیش کرنے والا | = |
| 300 | لایقیم | اقامت اختیار نہیں کرتا | 57 |
| 301 | العزیز | عزت | = |
| 302 | البلد | میدان | = |
| 303 | السهل | نرم | = |
| 304 | لاینفع | فائدہ نہیں دیتی | = |
| 305 | النجاء | نجات | = |
| 306 | مخالقتی | اپنے حسن سلوک میں | 48 |



Scanned with CamScanner

| N | الفاظ | معانی | P |
|---|---|---|---|
| 307 | لم يدنس | میلا نہ ہو | 54 |
| 308 | اللؤم | بخل | = |
| 309 | عرضه | اسکا دامن | = |
| 310 | رداء | چادر | = |
| 311 | يرتديه | جسے وہ اوڑھے | = |
| 312 | لم يحمل | برداشت نہ کرے | = |
| 313 | ضيمها | ظلم | = |
| 314 | تعيرنا | تو عار دلاتی ہے ہمیں | = |
| 315 | عديدنا | ہماری تعداد | = |
| 316 | الكرام | عزت دار | = |
| 317 | بقاياه | انکی اولادیں | 55 |
| 318 | تسامى | ترقی کرتے ہیں | = |
| 319 | للعلى | بلندیوں پر | = |
| 320 | كهول | بوڑھے | = |
| 321 | ماضرنا | ہمیں نقصان نہیں دیتی | = |
| 322 | جبل | قلعہ | = |
| 323 | يحتله | وہی اترتا ہے | = |
| 324 | نجيره | جسے ہم پناہ دیں | = |
| 325 | منيع | مضبوط | = |
| 326 | يرد | وہ لوٹاتا ہے | = |
| 327 | الطرف | نگاہ | = |
| 328 | كليل | تھکی ہوئی | = |
| 329 | رسا | مضبوط | = |
| 330 | سما | بلند ہیں | = |
| 331 | فرع | شاخ | = |
| 332 | شاع | مشہور | = |
| 333 | يعز | دشواری میں ڈالتا ہے | = |
| 334 | من رامه | جو ارادہ کرے اسکا | = |
| 335 | مانرى | ہم نہیں سمجھتے | 56 |
| 336 | سبة | عیب | = |
| 337 | رأته | اسے برا سمجھتے ہیں | = |
| 338 | آجالنا | ہمارے مقررہ اوقات | = |
| 339 | حتف انفه | اپنے بستر مرگ پر[1] | = |
| 340 | لاطل | ضائع نہیں ہوتا | = |
| 341 | تسيل | بہتا ہے | = |
| 342 | حد الظبات | تلواروں کی نوکوں پر | = |
| 343 | الفتى | نوجوان | 57 |
| 344 | ينفي | ناپسند جانے[2] | = |
| 345 | وقرا | بہرا | = |
| 346 | دواعي الصدر | سینے کے وسوسوں سے | = |
| 347 | لا باسطا | پھیلانے والا نہیں | = |
| 348 | هجرا | فحش بات | = |
| 349 | تدعى | تجھے پکارا جائے | = |
| 350 | أديبا | ادب والا | = |
| 351 | ظريفا | ذہین | = |
| 352 | ماجدا | سخی | = |
| 353 | زلة | غلطی. خطا | = |
| 354 | محتالا | تلاش کر | = |
| 355 | يكفيك | جو تجھے کافی ہوجائے | = |
| 356 | سدخلة | حاجت پوری کرنا | = |



(1) طبعی موت (2) نفی کرے

Scanned with CamScanner

| P | معانی | الفاظ | N | P | معانی | الفاظ | N |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| = | خیال نہیں گزرتا | لم یخطر | 482 | 58 | ہم تیار کرتے ہیں | نعد | 457 |
| = | دل میں | ببال | 483 | = | تلواریں | المشرفية | 458 |
| = | خوشبو برسائیں | حنوط | 484 | = | نیزے | العوالی | 459 |
| = | جسے کفن دیا گیا | المکفن | 485 | = | موتیں | المنون | 460 |
| = | اچھی عادتوں والا | کرم الخلال | 486 | = | ہم باندھتے ہیں | نرتبط | 461 |
| | | | 487 | = | گھوڑے | السوابق | 462 |
| | | | 488 | = | نجات نہیں دلاتے | ماینجین | 463 |
| | | | 489 | = | راتوں کی تیزی | خبب اللیالی | 464 |
| | | | 490 | = | عاشق نہ ہو | لم یعشق | 465 |
| | | | 491 | = | تمہاری نیند | منامك | 466 |
| | | | 492 | = | خواب | خیال | 467 |
| | | | 493 | = | مجھے مارا | رمانی | 468 |
| | | | 494 | = | تیروں کے ساتھ | بالأرزاء | 469 |
| | | | 495 | = | میرا دل | فؤادی | 470 |
| | | | 496 | = | پردہ | غشاء | 471 |
| | | | 497 | = | تیر | نبال | 472 |
| | | | 498 | 59 | تیر | سهام | 473 |
| | | | 499 | = | ٹوٹ جاتے تھے | تکسرت | 474 |
| | | | 500 | = | تیر | النصال | 475 |
| | | | 501 | = | آسان ہوگئی | هان | 476 |
| | | | 502 | = | پس میں پرواہ نہیں کرتا | فما ابالی | 477 |
| | | | 503 | = | مصیبتوں کی | بالرزایا | 478 |
| | | | 504 | = | موت کی خبر دینے والا | الناعین | 479 |
| | | | 505 | = | تمام | طرا | 480 |
| | | | 506 | = | تکلیف نہیں دیتی | لم یفجح | 481 |





Scanned with CamScanner

# دیوان حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ

## قال حسان یمدح النبی ﷺ

1 : وہ روشن چہرے والے جن پر نبوت کی مہر ہے اللہ کی طرف سے۔ جسکا مشاہدہ کیا جاتا ہے۔ وہ ظاہر ہے۔ اور گواہی دیتی ہے

2 : اللہ نے نبی کے نام کو اپنے نام کے ساتھ ملایا جب موذن پانچ نمازوں میں اشھد کہتا ہے

3 : اللہ نے نبی ﷺ کے نام کو اپنے نام سے مشتق کیا۔ آپکی عزت بڑھانے کے لیے پس عرش والا محمود اور یہ محمد ہیں

4 : نبی ﷺ ہمارے پاس آئے ناامیدی اور زمانہ فطرت کے بعد رسولوں میں سے۔ اس حال میں کہ زمین میں بتوں کی پوجا کی جاتی تھی

5 : پس آپ ہو گئے روشن چراغ اور ہدایت دینے والے وہ چمکتے ہیں ہندی تلوار کے چمکنے کی طرح

6 : انہوں نے ہمیں ڈرایا آگ سے اور خوشخبری دی جنت کی اور ہمیں سکھایا اسلام۔ پس اللہ ہی کی ہم حمد کرتے ہیں

7 : اسے مخلوق کے رب تو ہی میرا رب اور میرا خالق ہے جب تک میں لوگوں میں زندہ رہوں گا اسی کی گواہی دیتا رہوں گا

8 : تو پاک ہے اے لوگوں کے رب اس کے قول سے جو دعوی کرے تیرے علاوہ معبود کا۔ تو ہی بلند اور بزرگی والا ہے

9 : مخلوق اور نعمتیں تیرے لیے ہیں اور تمام معاملات تیرے ہی سپرد ہیں پس ہم تجھ سے ہدایت طلب کرتے ہیں اور تیری ہی عبادت کرتے ہیں

## فلما سمع بذلك حسان رضی اللہ عنہ قال یجاوب الهاتف

1 : اس قوم نے نقصان اٹھایا جس کے نبی نے انہیں چھوڑ دیا اور پاک ہوئے جن کی طرف انہوں نے رات کو سفر کیا اور صبح پہنچے

2 : نبی ﷺ نے ایک قوم سے کوچ کیا پس انکی عقلیں گمراہ ہو گئیں اور نئے نور کے ساتھ دوسری قوم کے پاس گئے

3 : انکے رب نے انہیں نبی ﷺ کے ذریعے گمراہی کے بعد ہدایت دی اور ان کی رہنمائی کی۔ جس نے حق کی پیروی کی وہ کامیاب ہوا

4 : کیا برابر ہیں قوم کے وہ گمراہ لوگ جنہوں بیوقوفی ظاہر کی اندھے ہو کر۔ اور ہدایت یافتہ لوگ جنہوں نے مقتدی کے ذریعے ہدایت پائی

5 : انکے سبب یثرب والوں پر اتری ہدایت والی ایسی سواری جوان پر خوش بختی کے ساتھ ٹھہری

6 : نبی ﷺ اپنے اردگرد وہ دیکھتے ہیں جسے لوگ نہیں دیکھتے اور وہ کتاب اللہ کی ہر مجلس میں تلاوت کرتے ہیں

7 : اگر وہ کسی دن پوشیدہ باتوں کی خبر دیتے پس تصدیق فرما دیتا اللہ تعالی ان پوشیدہ باتوں کی اسی دن یا اگلے دن

8 : چاہیے کہ ابو بکر کو ان کی خوش قسمتی مبارک باد دے نبی ﷺ کی صحبت پر۔ جسے اللہ نے خوش بخت بنایا تو وہ خوش نصیب ہے

## قال فی "أسد الغابة": وصفت عائشة رسول اللہ فقالت: «کان واللہ کما قال فیہ حسّان»

1 : جب اندھیری رات میں حضور ﷺ کی پیشانی ظاہر ہوتی تو تو وہ اندھیری رات بھی روشن چراغ کی طرح چمک اٹھتی

2 : تو کون احمد کی طرح ہے یا ہوگا حق کا نظام اور ملحدین کے لیے سزا ہیں

## من الثالث الطویل و القافیة متواتر

1 : بیشک وہ شخص جس نے صبح و شام سلامتی کی حالت میں گزاری لوگوں سے۔ ضرور وہ خوش نصیب ہے مگر جو گناہ کر بیٹھا

2 : اور بیشک جس نے مالداری کو پایا پھر نہ پایا کوئی دوست۔ اور نہ ہی کوئی حاجت مند تو ضرور وہ محروم ہے

3 : بیشک جس نے مردوں کو مالداری پہ ملامت کیا اور اللہ سے مالداری کا سوال نہ کیا ضرور وہ حاسد ہے



Scanned with CamScanner

## قال لعمرو بن العاصی السھمی

1 : ابن نابغہ کمینے نے یہ گمان کیا کہ ہم اپنی خاندانی شرافت کو محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر فدا نہیں کریں گے
2 : ہمارے اموال اور جانیں حضور ﷺ کے بغیر کچھ نہیں جو بھلائی کرے گا اسے ثواب دیا جائے گا اور اسکی تعریف کی جائے گی
3 : ہم سچے نوجوان ہیں ۔شیروں کی طرح ۔ جنگ کی آگ کو بھڑکانے والے جو ہم سے جنگ کے دن ملتا ہے وہ فرار ہو جاتا ہے
4 : ابن نابغہ کی کمینی قوم سب سے زیادہ ذلیل ہے وہ کپکپی طاری ہوئے کی سیٹی پر بھی متوجہ نہیں ہوتی
5 : انکے باپ نے بنایا گھر کوتاہی کرتے ہوئے کفر و ملامت والا کتنا ہی برا ہے اصل کا گھر

## قال رضی اللہ عنہ یرثی نافع بن بدیل استشھد یوم بئر معونة

1 : اللہ رحم فرمائے نافع بن بدیل پر جہاد کے ثواب کی خواہش رکھنے والے پر رحم فرمانے کی طرح
2 : وہ بہت صبر کرنے والے اور سچی بات کہنے والے تھے جب قوم زیادہ باتیں کرتی تو وہ سیدھی بات کہتے ہیں -

## قال رضی اللہ عنہ

1 : توجب انھوں نے پڑاوڈالا اصرار پہاڑ کے دونوں کناروں پر اور انھوں نے رسیوں کو موڑ کر زینوں کو باندھ دیا
2 : تو گھوڑوں کے تیز دوڑنے کے سوا نہیں کسی نے خوف زدہ نہیں کیا اس حال میں کہ لشکر جرار ان کے پیچھے سے اچانک حملہ کردے
3 : توانھوں نے منتشر ہو کر اچانک حملہ کیا حالانکہ وہ خوفزدہ تھے اور ہم نے ان پر بغیر ہتھیار کے شیروں کی طرح حملہ کیا (1)
4 : ہم سخت پتھروں پر چلنے والے ایسے لمبے گھوڑوں پر ہیں جو لمبی اکتاہٹ سے عاجز نہیں ہوتے
5 : ہم سوار ہوتے ہیں ہر سیاہ سرخ رنگ والے ایسے گھوڑے پر جو تیز دل و مضبوط جوڑ والا ہے بے پر تیروں کی طرح
6 : ان گھوڑوں پر ایسے شہسوار ہیں جو عادی ہیں تلوار چلانے اور بہادروں کو قتل کرنے کے
7 : وہ ایسے شیر ہیں کہ جب جنگوں میں غضبناک ہوتے ہیں تو بزدلی کی وجہ سے پیچھے نہیں ہٹتے بلکہ آگے بڑھتے ہیں
8 : پس ہم انکی عورتوں اور سرداروں پر غلبہ پاتے ہیں اور انکے اموال تقسیم کرتے ہیں
9 : ہم انکے بعد انکے گھروں کے وارث ہوئے اور ہمیشہ انکے گھروں کے بادشاہ رہے

## فلما أتانا رسول المليك

1 : جب ہمارے پاس آئے عظیم سلطنت کے بادشاہ کے رسول اندھیروں کے بعد نور و حق لے کر
2 : ہم نے انکی پیروی کی اور نافرمانی نہیں کی اس دن کی صبح سے جس دن وہ ارض حرم سے ہمارے پاس تشریف لائے
3 : اور ہم نے کہا اے عظیم سلطنت کے بادشاہ کے رسول آپ سچے ہیں آپ ہمارے پاس تشریف لائیں اور ہمارے درمیان قیام کریں
4 : پس ہم گواہی دیتے ہیں کہ آپ عظیم سلطنت کے بادشاہ کی طرف سے مضبوط دین مستقیم کے ساتھ حق بنا کر بھیجے گئے
5 : آپ دعوت دیجئے ۔جسکی پوشیدہ دعوت دیتے تھے ۔ اعلانیہ اور آپ اسے نہ چھپائیے
6 : ہم اور ہماری اولادیں آپکے لیے ڈھال ہیں ہم آپکو بچائیں گے ۔ اور ہمارے اموال میں جو چاہیں فیصلہ فرمائیں
7 : ہم آپ کے حمایتی تھے جب کفار نے آپکو جھٹلایا پس آپ تبلیغ فرمائیں اور شرمائیں نہ
8 : توجب سرکش اپنے پیروکاروں کے ساتھ بڑھے آپکی طرف یہ گمان کرتے ہوئے کہ آپکو شہید کر دیا جائے گا
9 : پس ہم اپنی تلواروں کے ساتھ حضور ﷺ کے سامنے کھڑے ہوگئے ہم آپ سے مخلوق کے باغیوں کو دور کرتے رہے

(1) اس سے مراد یہ ہے کہ جب انہوں نے ہم پر حملہ کیا تو ہمارے پاس اس وقت ہتھیار نہیں تھے۔جس طرح بغیر پنجوں اور دانتوں کے شیر ہو ۔ کیونکہ شیر کا ہتھیار تو دانت اور پنجے ہیں



Scanned with CamScanner

## جواب اللئیم

1 : تو جو چاہے میری عزت کو گالی دینے میں کہہ کمینے شخص کے بارے میں خاموش ہونا ہی میرا جواب ہے
2 : میں جواب نہ دینے والا نہیں لیکن شیروں کی یہ شان نہیں کہ وہ کتوں کو جواب دیں

## الفرج قریب

1 : تو صبر جمیل اختیار کر کشادگی کیا ہی قریب ہے جس نے معاملات میں اللہ پر امید رکھی وہ نجات پا گیا
2 : جس نے اللہ سے سچا تعلق رکھا تو اسے تکلیف نہ پہنچے گی اور جو اللہ سے امید رکھے گا تو وہ اسی طرح ہوگا جس طرح اس نے امید رکھی

## الصمت شرف

1 : دوستوں نے کہا آپ خاموش ہو گئے حالانکہ آپ سے جھگڑا کیا گیا میں نے ان سے کہا بے شک جواب برائی کے دروازے کے لیے چابی ہے
2 : اور جاہل و بے وقوف کو جواب دینے سے خاموشی بہتر ہے اور اس میں عزت کی حفاظت کے لیے مصلحت ہے
3 : کیا آپ نہیں دیکھتے کہ شیروں سے ڈرا جاتا ہے حالانکہ وہ خاموش ہوتے ہیں اور میری عمر کی قسم! کتے کو دھتکارا جاتا ہے حالانکہ وہ خوب بھونکنے والا ہوتا ہے

## العلم نور

1 : میں نے وکیع سے حافظے کی خرابی کے بارے میں شکایت کی اس نے گناہوں کو چھوڑنے کی طرف میری رہنمائی کی
2 : اور انہوں نے مجھے خبر دی کہ علم نور ہے اور اللہ کا نور گناہ کرنے والے کو نہیں دیا جاتا

## فضل العلم

1 : علم کی فضیلت سے ہے کہ جو علم کی خدمت کرے تو علم تمام لوگوں کو اسکا خادم بنا دیتا ہے
2 : صاحب علم پر علم کی حفاظت کرنا اسی طرح ضروری ہے کہ جس طرح وہ لوگوں سے اپنی عزت و خون کی حفاظت کرتا ہے
3 : پس جس نے علم کا احاطہ کیا پھر اسے دیا نا اہل کو _ اپنی جہالت کی وجہ سے _ تو اس نے علم سے ظلم کیا

## الصالحون

1 : بیشک اللہ کے کچھ ایسے سمجھدار بندے ہیں جنہوں نے دنیا کو چھوڑ دیا اور فتنوں سے ڈرے
2 : انہوں نے دنیا کے بارے میں غور و فکر کیا پس جب انہوں نے جان لیا کہ دنیا زندہ کے لیے وطن نہیں
3 : تو انہوں نے دنیا کو گہرا سمندر سمجھا اور بنا لیا نیک اعمال کو اس گہرے سمندر میں کشتی

## اللسان

1 : اے انسان! اپنے زبان کی حفاظت کر ہر گز وہ تمہیں نہ ڈسے کہ بیشک وہ اژدھا ہے
2 : کتنے ہی بہادر ایسے ہیں جو اپنی زبان کی وجہ سے قتل ہوئے حالانکہ انکے مثل ان سے جنگوں میں ملنے سے ڈرتے تھے

## العز الفانی

1 : اے وہ شخص جس نے دنیا اور اسکی زینت کو عزت کا سبب سمجھا زمانہ مکان و مکین کو ہلاک کر دے گا
2 : جس کی عزت دنیا اور اسکی زینت ہو تو اسکی تھوڑی سی عزت زائل ہونے والی فانی ہے
3 : اور تو جان لے دنیا داروں کا خزانہ سونا و چاندی ہے پس تو اپنا خزانہ بھلائی اور ایمان کو بنا

## القضاء والقدر

1 : بیشک طبیب اپنے طب اور دوا کے ذریعے آنے والی مصیبت کو دور کرنے کی طاقت نہیں رکھتا
2 : کیا ہے طبیب کو کہ وہ اسی بیماری کے ذریعے مر جاتا ہے جس کے زخم کو وہ ماضی میں ٹھیک کر چکا ہے
3 : مر گیا معالج اور جسکا علاج کیا گیا اور جو دوا کو لایا جس نے بیچی اور جس نے خریدی



Scanned with CamScanner

# قصائد شعراء الجاهلية

## معلقه امرئ القیس

1 : تم ٹھہرو کہ ہم محبوب اور اسکے گھر کو یاد کر کے روئیں جو مقام دخول وحومل کے درمیان ریت کے ٹیلے کے کنارے پر ہے

2 : گویا کہ میں جدائی کی صبح سے ۔ کہ جس دن انہوں نے قبیلے سے کوچ کیا میں قوم حی کے ببول کے درخت سے اندرائن توڑنے والا تھا

3 : میرے ساتھی میری وجہ سے مقام عروات پر اپنی سواریاں روکے ہوئے تھے یہ کہتے ہوئے کہ غم کی وجہ سے ہلاک نہ ہو اور مصیبتوں پر صبر کر

4 : سن لو! بہت سے اچھے دن تھے تیرے لیے ان عورتوں میں سے خصوصا دو پہاڑوں کے درمیان گزرا دن

5 : اے فاطمہ! یہ تھوڑے ناز و نخرے چھوڑ دے گر تو نے مجھ سے قطع تعلقی کا ارادہ کر لیا ہے تو اچھے سے کر

6 : کیا تجھے دھوکے میں ڈالا میری طرف سے اس بات نے کہ تیری محبت مجھے قتل کر دے گی اور یہ کہ تو جو میرے دل کو حکم دے گی وہ وہی کرے گا

7 : اور تیرے دونوں آنکھوں کا بہنا نہیں مگر یہ کہ تو مارے قتل کیے ہوئے دل کے ٹکڑوں پر ۔ اپنے دو تیروں کو

8 : اور بہت سی راتیں جو سمندر کی موج کی طرح ہیں اپنے پردوں کو چھوڑے ہوئے ہے مجھ پر مختلف اقسام کے غموں کے ساتھ ۔ تاکہ مجھے آزمائے

9 : اے طویل رات سن لے! تو روشن ہو جا صبح کے ساتھ اور صبح ہونا تجھ سے افضل نہیں

10 : اور میں صبح اس حال میں کرتا ہوں کہ پرندے اپنے گھونسلوں میں ہوتے ہیں کم بالوں والے گھوڑے کے ساتھ جو طویل اور وحشی جانوروں کو قید کرنے والا

11 : پلٹ پلٹ کر حملہ کرنے والا .تیز بھاگنے والا.ایک ساتھ آگے بڑھنے پیچھے ہٹنے والا ہے اس سخت چٹان کی طرح جسے بہاؤ بلندی سے گرائے

## معلقه طرفة بن العبد البکری

1 : مقام ثہمد کی پتھریلی زمین پر خولہ کے گھر کے ایسے نشانات ہیں جو ہاتھ کے گودنے کے باقی رہنے والے نشانات کی طرح چمک رہے ہیں

2 : اس حال میں کہ میرے ساتھی میری وجہ سے کھنڈرات پر اپنی سواریاں روکے ہوئے تھے یہ کہتے ہوئے کہ غم کی وجہ سے ہلاک نہ ہو اور صبر سے کام لو

3 : اس کا چہرہ اس طرح ہے گویا سورج نے اپنی چادر ڈالی ہو اس پر وہ صاف رنگ والی ہے داغدار نہیں

4 : جب قوم نے پکارا کون ہے! نوجوان میں نے خیال کیا میں ہی انکی مراد ہوں پس میں نے سستی نہ کی اور نہ ہی تردد میں پڑا

5 : اگر تو مجھے قوم کی مجلس میں تلاش کرے گا تو مجھے پالے گا اگر تو مجھے پکڑنا چاہے تو. تو مجھے شراب خانوں میں پکڑلے گا

6 : میرا مختلف قسم کی شرابوں کو پینا اور مزے اڑانا مسلسل جاری رہا اور میرا بیچنا اور خرچ کرنا نیا اور وراثت میں ملا ہوا مال

7 : یہاں تک کہ سارے خاندان نے مجھ سے کنارہ کشی اختیار کرلی اور مجھے اکیلا چھوڑ دیا خارش زدہ اونٹ کو اکیلا چھوڑنے کی طرح

8 : اے میرے ملامت کرنے والے سن لے! میرا جنگوں میں حاضر ہونے اور میرا لذتوں کو حاصل کرنے پر کیا تو مجھے ہمیشہ رکھنے والا ہے

9 : میں زندگی کو ایسا خزانہ سمجھتا ہوں جو ہر رات کم ہوتا رہتا ہے جسے دن اور زمانہ گھٹا دے تو وہ فنا ہو جاتا ہے

10 : رشتے داروں کا ظلم کرنا ۔زیادہ سخت ہے۔ آدمی پر ۔ہندی تلوار کے وار سے

11 : عنقریب زمانہ تمہارے لیے ظاہر کر دے گا جن خبروں کو تم نہیں جانتے اور تمہارے پاس آئیں گی ایسی خبریں جن کی تمہیں توقع نہیں

## معلقه زہیر بن ابی سلمی

1 : کیا یہ ام اوفی کے گھر کے نشانات ہیں جو کلام نہیں کر رہے وہ نشانات کہ جو مقام مقام درج و متثلم کے درمیان ہیں

2 : میں اس گھر میں بیس سال بعد ٹھہرا پس میں نے غور و فکر کرنے کے مشقت سے اس گھر کو پہچان لیا

3 : پس میں نے قسم کھائی ایسے گھر کی کہ طواف کیا جس کے اردگرد ایسے مردوں نے جنہوں نے اسے بنایا تھا قبیلہ قریش و جرہم سے

4 : میں قسم کھاتا ہو کہ تم دونوں کتنے ہی اچھے سردار پاؤ گے ہر حالت میں ضعف و قوت سے

5 : تو نے قبیلہ عبس و ذبیان کی حالت درست کی بعد اسکے کہ وہ ایک دوسرے کو فنا کرنے لگے اور انہوں نے منشم کا عطر مل لیا تھا

6 : جنگ نہیں مگر وہ کہ جسے تم نے جانا اور تجربہ کیا اور جنگ کے بارے میں یہ بات کرنا نا معلوم باتوں سے نہیں

7 : میں نے اموات کو دیکھا اندھی اونٹنی کے اندھا دھن چلنے کی طرح جس تک وہ پہنچتی ہے اسے ختم کر دیتی ہے.جس سے خطا کرے اسے لمبی عمر دے جاتی ہے پس وہ بوڑھا ہو جاتا ہے

8 : جو زائد مال والا ہو اور اپنے مال زائد کے ذریعے بخل کرے اپنی قوم پر تو قوم کو اس سے بے پرواہ کر دیا جاتا ہے اور اسکی مذمت کی جاتی ہے

9 : جو اموات کے اسباب سے ڈرے تو اموات اسے پا لیتی ہیں اگرچہ وہ سیڑھے کے ذریعے آسمان کے کناروں تک چڑھ جائے

10 : جو نااہل کے ساتھ بھلائی کرے اسکی مذمت کے ساتھ تعریف ہوگی اور وہ نادم ہوگا

11 : بیشک بوڑھے کی بیوقوفی کے بعد بردباری نہیں اور بیشک نوجوان بے وقوفی کے بعد بردبار ہو جاتا ہے



Scanned with CamScanner

# معلقہ لبید بن ربیعۃ

1 : اس گھر میں زیادہ دن اور کم دن رہنے کے نشانات مٹ گئے اس حال میں کہ منی کے مقام رجام وحول کی جگہیں ویران ہو گئیں
2 : یہ انکے گھروں کے آثار ہیں جن کے رہنے والوں کو کوچ کئے کئی کامل سال اپنے حلت وحرمت والے مہینوں کے ساتھ گزر گئے
3 : پس لمبی گھاس کی شاخیں بڑھ گئیں اور بچوں والے ہو گئے وادی کے دونوں کناروں پر ہرنی اور شتر مرغ
4 : اور سیلابوں نے کھنڈرات کو ظاہر کر دیا گویا کہ وہ مکانات ایسی کتابیں ہیں جن کی قلموں نے ان کی اصل عبارات کو مٹا دیا
5 : پس میں ٹھہرا ان پتھروں سے سوال کرتے ہوئے اور ہمارا ان سے سوال کرنا کیسا کہ ہمیشہ جنکا کلام کرنا ظاہر نہیں ہوتا
6 : کیا نوار نہیں جانتی کہ میں دوستی کے وعدے کو نبھانے والا ہو
7 : ہم ایسی قوم ہیں جن کے لیے ان کے آباؤاجداد نے طریقہ ایجاد کیا اور ہر قوم کے لیے ایک طریقہ اور امام ہوتا ہے
8 : پس تو راضی رہ اس پر جو عظیم سلطنت کے بادشاہ نے تقسیم کیا پس بیشک ہمارے درمان اچھے اخلاق وعادات کو انکے جاننے والے نے ہی تقسیم کیا

# معلقہ عمرو بن کلثوم

1 : سن لے! اٹھ کھڑی اپنے بڑے پیالے کے ساتھ ہمیں صبح کی شراب پلا اور تو اندرین کی شرابیں باقی نہ چھوڑ
2 : اے ام عمرو تو نے ہم سے شراب کو روک لیا حالانکہ شراب دینے کی سمت تو سیدھی جانب ہے
3 : اور اے ام عمرو وہ تینوں سے زیادہ برا تو نہیں ہے جسے تو صبح کی شراب نہیں پلا رہی
4 : اے ابوہند! تو ہم پر جلدی نہ کر اور ہمیں کچھ مہلت دے کہ ہم تجھے یقینی خبر دیں
5 : بیشک ہم نیزوں کو اتارتے ہیں اس حال میں کہ وہ سفید ہوتے ہیں اور اس حال میں نکالتے ہیں کہ وہ خون سے سیراب ہوتے ہیں
6 : ہم بزرگی کے وارث ہوئے اس حال میں کہ معد جانتا ہے اس حال میں کہ ہم انکے سامنے نیزہ بازی کرتے ہیں یہاں تک کہ ہماری بزرگی واضح ہو جائے
7 : سن لو! کوئی بھی ہم سے جہالت کا اظہار نہ کرے کیونکہ ہم جاہلوں کی جہالت سے بڑھ کر جہالت کی سزا دیں گے
8 : تو ہمیں ڈرا اور دھمکا رہا ہے تو ہمیں مہلت دے ہم کب تیری ماں کے لیے خادم تھے
9 : جب ہمارے بچے دودھ چھوڑانے کی مدت کو پہنچتے ہیں تو ان کے آگے متکبر بادشاہ سجدہ کرتے ہوئے جھک جاتے ہیں

# معلقہ عنترہ بن شداد

1 : کیا شعراء نے کوئی قابل اصلاح جگہ چھوڑی بلکہ کیا تو نے محبوبہ کے گھر کو پہچان لیا
2 : اور اے محبوبہ تو اتر گئی ۔ پس تو گمان نہ کر اسکے علاوہ ۔ میرے نزدیک محبوب عزیز کے مرتبے میں
3 : تو میری تعریف کر اس سب سے جو تم نے جانا کیونکہ میں اپنے حسن سلوک میں نرم ہوں جب تک ظلم نہ کیا جاؤں
4 : جب میں ۔ نشے ۔ سے ہوش میں آتا تو سخاوت سے کوتاہی نہیں کرتا اور جس طرح کہ تو جانتی ہے میرے اخلاق وبزرگی کو
5 : اے بنت مالک! تو شہسواروں سے سوال کیوں نہیں کرتی اگر تو ناواقف تھی اس سے جو تو نہیں جانتی
6 : جنگوں میں حاضر ہونے والا تجھے خبر دیتا کہ بے شک میں جنگ میں چھا جاتا ہوں اور میں غنیمت کی تقسیم کے وقت سے بچتا ہوں
7 : قبیلے والے پکارتے ہیں اے عنترہ اس حال میں ۔ گویا کہ کنویں کی لمبی رسیاں ہیں ۔ نیزے ۔ میرے گھوڑے ۔ ادھم کے سینے میں پیوست ہو رہے ہوتے ہیں
8 : میں مسلسل تیر اندازی کرتا رہا ادھم گھوڑے کے سینے اور اسکی گردن کے درمیانی حصے کے ساتھ یہاں تک کہ ادھم نے خون کی قمیص پہن لی
9 : پس ادھم اپنے سینے پر نیزوں کے وار سے پیچھے ہٹا اور مجھے شکایت کرنے لگا اپنے آنسوؤں اور ہنہنانے کی درمیانی آواز کے ساتھ
10 : اگر وہ جانتا گفتگو کرنا کیا ہے تو ضرور شکایت کرتا اور اگر وہ کلام کرنا جانتا تو ضرور مجھ سے کلام کرتا
11 : اور ضرور میرے دل کو شفا دی اور اسکی بیماری کو لے گیا شہسواروں کا یہ کہنا اے عنترہ تجھ پر افسوس ہو آگے بڑھ

# معلقہ حارث بن حلزہ الیشکری

1 : اسماء نے ہمیں اپنی جدائی کی خبر دی کتنے ہی مقیم ایسے ہیں ان سے اقامت اکتا جاتی ہے
2 : اسماء نے ہمیں اپنی جدائی کی خبر دی پھر وہ پیٹھ پھیر کر چلی گئی کاش مجھے علم ہوتا ملاقات کب ہوگی
3 : اور ہمارے پاس خبریں آئیں زمانے کے حوادث اور امر عظیم کی ہم تک کہ گئے انکے ساتھ اور تکلیف میں ڈالے گئے
4 : بیشک ہمارے ارقم کے بھائی حد سے بڑھے ہم پر اپنی گفتگو میں مبالغہ کرتے ہوئے
5 : انہوں نے ہماری بے گناہ کو ملا دیا گنہگاروں کے ساتھ اور بے گناہ کو برائت نفع نہیں دیتی
6 : اے ! ہمارے بارے میں باتیں بنا کر پیش کرنے والے ۔ عمرو کے پاس ۔ کیا اسکے لیے بقاء ہے
7 : عزت والا اقامت اختیار نہیں کرتا نرم میدان پر اور ذلیل کو نجات فائدہ نہیں دیتی



Scanned with CamScanner

الفصل الثانی

# دیوان الحماسة

## قال السموأل بن عادیاء

1. جب مرد کا دامن بخل سے میلا نہ ہو تو ہر چادر جسے وہ اوڑھے خوبصورت ہے
2. اگر وہ برداشت نہ کرے اپنی جان پر ظلم تو اچھی تعریف کی طرف راستہ نہیں
3. تو ہمیں عار دلاتی ہے ہماری کم تعداد پر پس میں نے اسے کہا بیشک اچھے لوگ کم ہوتے ہیں
4. وہ تھوڑے نہیں ہوتے جنکی اولادیں ہماری مثل ہیں انکے بوڑھے اور جوان بلندیوں پہ ترقی کرتے ہیں
5. اور ہمیں نقصان نہیں دیتا ہمارا کم ہونا اس حال میں کہ ہمارے پڑوسی ہوں عزت دار حالانکہ اکثر کے پڑوسی ذلیل ہوتے ہیں
6. ہمارے لیے مضبوط قلعہ ہے اس میں وہ اترتا ہے جسے ہم پناہ دیں اس پر نگاہ لوٹانے والا تھکاوٹ کی حالت میں نگاہ لوٹاتا ہے
7. اسکی بنیادیں تحت الثری تک مضبوط ہیں اور اسکی بلندی اوج ثریا تک ہے اسکی شاخیں بلند ہیں کوئی ان تک نہیں پہنچ سکتا
8. وہ ابلق الفرد ہے جسکا ذکر مشہور ہے اسکو فتح کرنے کا ارادہ کرنے والا دشواری میں پڑتا اور تھک جاتا ہے
9. ہم ایسی قوم ہیں جو موت کو عیب نہیں سمجھتی جبکہ موت کو عیب سمجھتے ہیں قبیلہ عامر و سلول والے
10. موت کی محبت ہماری مقررہ مدتوں کو ہمارے قریب کر دیتی ہے اور انکی مقررہ مدت موت کو ناپسند جانتی ہے پس طویل ہو جاتی ہے
11. ہمارا سردار طبعی موت نہیں مرتا اور ہمارے مقتول کا خون رائیگا نہیں جاتا وہ جہاں بھی قتل ہو
12. ہمارا خون تلواروں کے کناروں پر بہتا ہے اسکے علاوہ نہیں بہتا

# باب الأدب

## قال سالم بن وابصة الأسدی

1. میں پسند کرتا ہوں اس نوجوان سے جو فواحش سے اپنے کانوں کو بچائے گویا کہ وہ ہر فاحش سے بہرا ہے
2. جو سینوں کے وسوسوں سے محفوظ ہو برائی کو پھیلانے والا نہ ہو بھلائی کو روکنے والا اور بری بات کہنے والا نہ ہو
3. جب تو چاہے کہ تجھے بلایا جائے عزت اکرام ادب ذہانت عقل سخاوت والا
4. جب تیرے پاس تیرا ساتھی آئے خطا کے ساتھ پس تو تلاش کر اسکی خطا کے لیے کوئی عذر
5. نفس کی غناء جو روک لے حاجت پوری کرنے سے پس اگر کچھ زائد ہو جائے تو یہ غناء فقر ہو جاتی ہے

# دیوان المتنبی

## قال یرثی والدة سیف الدولة

1. ہم تلواروں اور نیزوں کو تیار کرتے ہیں اور موتیں ہمیں بغیر جنگ کے مار دیتی ہیں
2. اور ہم گھوڑوں کو گھروں کے قریب باندھتے ہیں اور وہ نجات نہیں دیتے راتوں کی تیزی سے
3. اور دنیا کے عاشق ہمیشہ سے ہیں لیکن وصال کی طرف کوئی راستہ نہیں
4. تیری زندگی میں تیرا محبوب سے ملاقات کا حصہ اتنا ہی ہے جتنا حصہ تیری نیند سے خواب کا ہے
5. مجھے زمانے نے تیروں کے ساتھ مارا یہاں تک کہ میرا دل تیروں کے پردے میں ہے
6. پس میں ہو گیا جب مجھے تیر پہنچتے تیر تیر کے ساتھ ٹکرانے سے ٹوٹ جانے کی طرح
7. اور مصیبتیں آسان ہو گئیں پس میں مصیبتوں کی پرواہ نہیں کرتا کیونکہ پرواہ کرنا مجھے فائدہ نہیں دیتا
8. اور موت کی خبر دینے والوں میں یہ سب سے پہلا ہے ذاالجلال میں پہلی میت کی
9. گویا کہ موت جان کو تکلیف نہیں دیتی اور مخلوق کے دل میں اسکا خیال نہیں گزرتا
10. ہمارے خالق اللہ کی رحمتیں خوشبو برسائیں اس چہرے پر جسے خوبصورتی کے کفن دیا گیا
11. اور اس مدفون پر جو دفن ہونے سے پہلے پاکدامن تھی اور قبر میں اترنے سے پہلے اچھی عادتوں میں تھی



Scanned with CamScanner

(1) بتشديد الياء
(2) بتشديد الياء
(3) بتشديد الميم
(4) بتشديد الدال
(5) بتشديد الياء

# الفصل الثالث

| واحد | جمع | p | واحد | جمع | p |
|---|---|---|---|---|---|
| وثن | الاوثان | 16 | حجة | الحجج | 41 |
| مسعر | مساعر | 21 | سيل | السيول | 42 |
| الليث | الليوث | 23 | زبور | الزبر | = |
| كمي (1) | الكماة | = | الأصم | الصم | = |
| بهمة | البهم | = | حبالة | حبائل | = |
| الظلمة | الظلم | 24 | الصحن | الصحون | 44 |
| الغاوي | الغواة | 25 | أندري (5) | الأندريين | = |
| الراوي | الرواة | = | أشعري | أشعرين | = |
| شيع | أشياع | = | أعجمي | أعجمين | = |
| الوالي | الولاة | = | الراية | الرايات | 45 |
| الباغي | بغاة | = | جبير | الجبابر | 46 |
| العاصي | العصاة | = | شمال | الشمائل | 48 |
| الفتنة | الفتن | 28 | وقائع | الوقيعة | = |
| الثعبان | ثعابين | 29 | شطن | أشطان | 49 |
| قرن | الأقران | = | الثغرة | الثغر | = |
| الغداة | غدوات | 31 | نبأ | الأنباء | 52 |
| سمرة | سمرات | 32 | زناء | الأزار | 58 |
| واقف | وقوفا | = | زنبية | الزايا | 59 |
| صاحب | صحبي | = | ناع | الناعون | 59 |
| مطية | مطي (2) | = | | | |
| سدل | السدول | 33 | | | |
| الهم (3) | الهموم | = | | | |
| الطير | طائر | 34 | | | |
| الوكنة | وكنات | = | | | |
| آبد | الأوابد | = | | | |
| طلل | اطلال | 35 | | | |
| الحانوت | الحوانيت | 36 | | | |
| الدمنة | الدمن (4) | 38 | | | |
| المنية | المنايا | 39 | | | |



Scanned with CamScanner